نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی زیرِ صدارت صوبہ میں کپاس کی موجودہ صورتحال سے متعلق لاہور میں جائزہ اجلاس کا انعقاد

لاہور 16 ستمبر 2023 ( ) کپاس کے کاشتکاروں کی محنت ضائع ہونے سے بچانے کے لئے تمام اسٹیک ہولڈرز کا تعاون حاصل ہے۔ افواجِ پاکستان کے خصوصی تعاون سے ڈرونز اور ہیلی کاپٹرز کی مدد سے جدید کیمسٹری کا سپرے کیا جارہا ہے جس سے سفید مکھی کے حملے میں کمی واقع ہورہی ہے۔جنوبی پنجاب میں کپاس کی فصل کو ضرررساں کیڑوں کے حملہ سے بچانے کے لئے محکمہ زراعت کی خصوصی ٹیمیں انتہائی پیشہ وارانہ مہارت سے کام کررہی ہیں۔اس کے علاوہ کپاس کی صاف چنائی کے لئے کاشتکاروں کی فنی راہنمائی بھی کی جارہی ہے تاکہ صاف اورخشک چنی ہوئی پھٹی کا کاشتکاروں کو بہتر معاوضہ مل سکے۔ان خیالات کا اظہار سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے صوبہ میں کپاس کی موجودہ صورتحال سے متعلق لاہور میں منعقدہ جائزہ اجلاس کی صدارت کے دوران کیا۔اجلاس میں کنسلٹنٹ شعبہ زراعت توسیع ڈاکٹر انجم علی، ڈائریکٹر جنرل زرعی شماریات ڈاکٹر عبدالقیوم اور ڈائریکٹر زرعی اطلاعات پنجاب رائے مدثر عباس سمیت دیگرافسران شریک ہوئے جبکہ ڈائریکٹر جنرل زراعت پیسٹ وارننگ پنجاب رانا فقیر احمد سمیت تمام ڈویژنل ڈائریکٹرز زراعت توسیع نے ویڈیو لنک کے ذریعے شرکت کی۔بریفنگ کے دوران سیکرٹری زراعت کو بتایا گیا کہ صوبہ بھر میں کپاس کی چنائی جاری ہے جبکہ ماہ ستمبر میں کپاس کی آبپاشی، نیوٹریشن اور پیسٹ مینجمنٹ سے متعلق کاشتکاروں کو راہنمائی فراہم کی جارہی ہے۔گرم موسم اورحبس بڑھنے کے باعث بعض علاقوں میں سفید مکھی کا حملہ مشاہدہ میں آیا ہے۔تاہم رپورٹ ملنے پر پاک فوج کے تعاون سے جام پوراور راجن پور کے علاقوں میں 2500 ایکڑ رقبہ پر ڈرونز اور ہیلی کاپٹرز کی مدد سے جدید کیمسٹری کا سپرے کیا گیا ہے۔کسان کا حوصلہ بلند ہے کیونکہ محکمہ زراعت توسیع اور پیسٹ وارننگ کی ٹیمیں اُن کے شانہ بشانہ شریک ہیں۔امسال صوبہ بھر میں اب تک کپاس کی پیداوار گزشتہ سال کی نسبت دوگنی حاصل ہورہی ہے۔اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے تمام ڈویژنل ڈائریکٹرز کو کپاس کے پیداواری ریکارڈ کا ڈیٹا مرتب کرنے کی بھی ہدایات کیں تاکہ درست تخمینہ کو مدِنظر رکھتے ہوئے کپاس کی آئندہ سالوں میں اورزیادہ پیداوار کے لئے موثر حکمت عملی مرتب کی جاسکے۔انھوں نے واضح کیا کہ کپاس کی فی ایکڑ زیادہ پیداوار کاشتکاروں کی خوشحالی اور ملکی معیشت میں استحکام کی ضامن ہے۔اس لئے تمام افسران وعملہ اپنی ڈیوٹی قومی فریضہ سمجھ کر سرانجام دے۔اجلاس میں سیکرٹری زراعت پنجاب نے صوبہ بھر کے تمام ڈویژنل ڈائریکٹرز کو کپاس کے پیداواری ہدف کا حصول یقینی بنانے کی ہدایت کی

☆☆☆☆